10 مئی، 2018

**مالی سال 18ء کے ابتدائی دس ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 16.25 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں**

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 18ء کے پہلے دس ماہ (جولائی تا اپریل) میں 16257 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے، جو اس میں 3.92 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 15643.97 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

اپریل 2018ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1650.59 ملین ڈالر تھی جو مارچ 2018ء کے مقابلے میں 6.89 فیصد کم، اور اپریل 2017ء کے مقابلے میں 7.25 فیصد زیادہ ہیں۔ بلحاظ ملک اپریل 2018ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 399.56 ملین ڈالر 358.28 ملین ڈالر، 240.39 ملین ڈالر، 232.58 ملین ڈالر، 167.68 ملین ڈالر، اور 54.74 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ اپریل 2017ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 439.13 ملین ڈالر، 344.01 ملین ڈالر، 199.69 ملین ڈالر، 191.62 ملین ڈالر، 175.18 ملین ڈالر اور 41.89 ملین ڈالر تھیں۔ اپریل 2018ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 197.36 ملین ڈالر رہیں جبکہ اپریل 2017ء میں ان ملکوں سے 147.42 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

*******